# 28-08-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔آج راکھی تہوار بڑے پیمانہ پر منایا جارہا ہے۔صدر جمہوریہ، وزیراعظم، گورنر، وزیراعلیٰ نے رکشابندھن کی مبارکباددی۔

۲۔تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کرناٹک کے دیودرگا سونے اور تانبہ کے بلاک میں معدنیات کے کاموں میں تیزی لانے سنگارینی کے عہدیداروں کو ہدایت دی۔

۳۔ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے حیدرآباد ضلع کے حدود میں لاٹری کے طریقہ کار کے ذریعہ 480اندراماں مکانات کوآج الاٹ کیا۔

اور

۴۔امریکہ کے سینٹ لوئز میں منعقدہ گرانڈ چیس ٹورٹائٹل کو حاصل کرتے ہوئے تاریخ رقم کرنے والے ہندوستانی چیس گرانڈ ماسٹر پرگنانندا کووزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے مبارکباددی۔

Rakhi Purnima Wishes

راکھی پورنمی تہوار کے موقع پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن، وزیراعظم نریندرمودی، گورنر شیو پرتاپ شکلا، وزیراعلیٰ ریونت ریڈی، سابق وزیراعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ نے مبارکباددی۔انہوں نے بھائیوں اور بہنوں کے درمیان ایک مضبوط رشتہ کا یہ تہوار خوشی کے ساتھ منانے کیلئے اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور ہر گھر میں خوشی آنے اور صحت کے ساتھ زندگی گزارنے کا بھی اظہار کیا۔

Desk

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ راکھی پورنمی تہوار کے موقع پر عوام کی سہولت کیلئے تلنگانہ آرٹی سی جانب سے پانچ ہزار خصوصی بسیں چلائی جارہی ہیں۔انہوں نے عہدیداروں کے ساتھ منعقد کیئے گئے ایک جائزہ اجلاس میں بات کرتے ہوئے کہا کہ 27 اگست سے 31 اگست تک یہ بسیں چلائی جائیں گی۔مہالکشمی اسکیم کے تحت خواتین کوسفر کی مفت سہولت جوں کی توں جاری رہے گی۔انہوں نے واپسی کے سفر کے ہجوم کے پیش نظر اضافی بسوں کو تیار رکھنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔بس اسٹیشنوں میں بنیادی سہولتوں کوفراہم کرتے ہوئے اس کی نگرانی کرنے عہدیداروں پرزوردیا۔

Desk

Rakhi Purnima

ریاست بھرمیں راکھی تہوار جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔بہنیں بڑی تعداد میں اپنے پیدائشی گھروں کو جارہی ہیں۔حیدرآباد میں راکھی تہوار کے موقع پراہم بس اسٹیشنوں، ریلوے اسٹیشنوں میں عوام کا ہجوم دیکھا جارہا ہے۔بھائیوں کوراکھی باندھنے کیلئے خواتین اپنے آبائی مقامات کو جارہی ہیں۔اِس ضمن میں جے بی ایس،ایم جی بی ایس،اپل، دلسکھ نگربس اسٹیشنوں کے علاوہ سکندرآباد، کاچی گوڑہ، ناملی ریلوے اسٹیشن مسافروں کے ہجوم سے بھرپورنظر آرہے ہیں۔تلنگانہ کی تہذیب و ثقافت میں راکھی تہوار کوایک اہم تہوار کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ورنگل، کریم نگر، نظام آباد، کھمم، محبوب نگر،نلگنڈہ اوردیگراضلاع میں بھی راکھی تہوار بڑے پیمانہ پر جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔اِس ضمن میں جوبلی ہلز پرواقع وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی رہائش گاہ پرریاستی وزرأسیتااکا،کونڈا سریکھا،خواتین کمیشن کی چیرپرسن وجیالکشمی، برہما کماریوں اوردیگرقائدین اورنابینہ اسکول کے طلبہ نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کوراکھی باندھی جبکہ مرکزی وزیرکشن ریڈی نے بھی راکھی تہوارکو بڑے

پیمانہ پر منایا۔ حیدرآباد میں ریاستی وزیر پونم پر بھاکر کو ان کی بہنیں رانی اور ویملا نے راکھی باندھی جبکہ سابق وزیر ہریش راؤ کی رہائش گاہ پر خواتین لیڈروں اور ان کے حامیوں نے ان کو راکھی باندھی اور مبارکباد دی۔ اسی طرح بی جے پی لیڈر رام چندر راؤ کو ان کی بہن نے راکھی باندھی، ویملواڑہ کے رکن اسمبلی و گورنمنٹ وہپ آدی سرینواس کی رہائش گاہ پر ان کی بہن نے راکھی باندھی۔

Desk

N. Ramchander Rao

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے الزام لگایا کہ عالمی شہر کے نام پر سابق میں بی آر ایس اور موجودہ کانگریس حکومت نے حیدرآباد کو ایک آلودہ شہر میں تبدیل کر دیا۔ تارناکہ ڈویژن میں ایم رادھا کرشنا کی قیادت میں مختلف دانشوروں نے پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی۔ اِس موقع پر انہوں نے کہا کہ ڈرینج کا موثر نظام نہیں پایا جاتا جس کی وجہ سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ رام چندر راؤ نے کہا کہ حیدرآباد کی ترقی صرف بی جے پی کے ذریعہ ہی ممکن ہے۔ آنے والے تین میونسپل انتخابات میں بی جے پی کو کامیاب بنانے پر ہی وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے متعارف کروائے گئے مرکزی حکومت کی اسکیمیں عوام کو شفاف طریقہ سے پہنچ سکتی ہیں۔

Desk

Nepal Floods

ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ نیپال میں آنے والے اچانک سیلاب کی وجہ سے سیلاب میں پھنسے تلنگانہ کے شہریوں کی حفاظت کیلئے ریاستی حکومت خصوصی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب تک نشاندہی کر لئے گئے 13 افراد کی تفصیلات مرکزی وزارتِ خارجہ کے محکمہ کو روانہ کی گئی ہے۔ کھٹمنڈو میں واقع ہندوستانی سفیر کے دفتر سے مسلسل رابطہ کیا جا رہا ہے۔ نیودہلی

تلنگانہ بھون اور سکریٹریٹ میں خصوصی ہیلپ لائن قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے متاثرین کے خاندانوں کو ہمت کے ساتھ رہنے کا مشورہ دیا۔ کسی بھی امداد کیلئے مقررہ ہیلپ لائن نمبر سے رابطہ پید اکرنے کی ہدایت دی۔

Desk

N. Uttam Kumar Reddy

ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے ریاست میں اناج کی پیداوار میں ہونے والے اضافہ کے پیش نظر پانچ تا دس لاکھ میٹرک ٹن سائنسی ذخیرہ والے جدید اناج کے سائلوس کو تعمیر کرنے کیلئے ایک منصوبہ کو قطعیت دینے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین گروپوں کو معاشی طور پر بااختیار بنانے اور ان سائلوس کی تعمیر میں ان کو اہمیت دی جائے گی۔

Desk

Komatireddy Venkat Reddy

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے حیدرآباد۔ وجئے واڑہ NH65 شاہراہ پر حادثات کی روک تھام کیلئے 17 بلاک اسپاٹس میں انجام دئے جانے والے فلائی اوورس کے کاموں میں تیزی پیدا کرنے عہدیداروں کو ہداتی دی۔ انہوں نے چٹیالہ فلائی اوور کو دسہرہ تہوار تک مکمل کرنے اور دیگر فلائی اوورس کو دسمبر کے اختتام تک مکمل کرتے ہوئے سنکرانتی کے گاڑیوں کی آمد و درفت کیلئے تیار کرنے پر زور دیا۔ 6+2 شاہراہ کی توسیع اور دیگر NHAI پروجیکٹوں کو تیز کرنے کیلئے بہت جلد مرکزی وزیر نتن گڈکری سے ملاقات کرنے اور ضرورت پڑنے پر وزیراعظم نریندر مودی سے ملاقات کرنے کا روڈ سیفٹی اجلاس میں اعلان کیا۔

Desk

KTR

بی آر ایس کے ورکنگ صدر کے ٹی آر نے کانگریس حکومت کے ایک ہزار دنوں کی ناکامیوں اور عمل نہ ہونے والے وعدوں کو عوام کے درمیان لے جانے کیلئے 2 ستمبر سے ایک ہفتہ تک ریاست بھر میں پوروباڑہ تحریک چلانے پارٹی کے قائدین کو ہدایت دی۔ ٹیلی کانفرنس کے ذریعہ انہوں نے اس بارے میں ہدایت ددی۔ یکم ستمبر کو چارج شیٹ جاری کرتے ہوئے اس دھرنے ، رعیّتو سدسو، اور طلبہ کے ذریعہ ریالیاں نکالتے ہوئے احتجاج کرنے پر زور دیا۔

Desk

Bandi Sanjay Kumar

مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے کہا کہ رکشابندھن تہوار بھائیوں اور بہنوں کے درمیان محبت اور ایک مضبوط رشتہ کا تہوار ہے۔ کریم نگر کے چیتنیا پوری میں بنڈی سنجے کو ان کی بہن نے راکھی باندھی۔

PTC - Karimnagar

Pranahita River

پراناہیتا ندی پر تلنگانہ حکومت کی جانب سے کم برقی خرچ کے ذریعہ بہت جلد تعمیر کئے جانے والے تومڑی ہٹی بیریج کی تعمیر سے متعلق یکم ستمبر کو دہلی کے سیوا بھون میں مرکزی آبی سنگم کے چیر مین کی صدارت میں تلنگانہ اور مہاراشٹرا کے آبی وسائل کے عہدیداروں کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوگا۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی جانب سے مہاراشٹرا کے وزیر اعلیٰ، وزیر اعظم اور مرکزی وزارتِ آبی وسائل کو لکھے گئے خط کے پیش نظر یہ اجلاس منعقد ہو رہا ہے۔ سی ایم او نے یہ بات بتائی۔

Desk

Mallu Bhatti Vikramarka

تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کرناٹک کے دیودرگا سونے اورتانبہ کے بلاک میں معدنیات کے کاموں میں تیزی لانے سنگارینی کے عہدیداروں کو ہدایت دی۔سنگارینی کے ہراج میں حاصل کئے گئے یہ بلاک ہٹی گولڈ مائن کےقریب واقع ہونا ایک بہت بڑا موقع ہے۔انہوں نے ہٹی ادارہ کے تکنیکی تجربات کو استعمال میں لاتے ہوئے جدید طریقہ کار کے ذریعہ اس میں تیزی لانے پرزوردیا۔نائب وزیراعلیٰ نے امید کے مطابق نتائج آنے پرفوری دوسرے مرحلہ کے لئے قبل از وقت منصوبہ کو قطعیت دینے کی بھی ہدایت دی۔نائب وزیراعلیٰ نے دیودرگ میں سنگارینی سائٹ کے دفتر کے افتتاح کیلئے انتظامات کرنے پرسی ایم ڈی کو ہدایت دی۔

Desk

Indiramma House

ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے حیدرآباد ضلع کے حدود میں لاٹری کے طریقہ کار کے ذریعہ 480اندراماں مکانات کو آج صبح الاٹ کیا۔اس موقع پر ریاستی وزیر نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ذات پات اورسیاست سے بالاتر ہوکرکوئی بھی درمیانی افراد کے بغیر مستحقین کو یہ مکانات الاٹ کئے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کیور پروجیکٹ کے تحت جملہ 1لاکھ مکانات کو منظوری دی گئی ہے۔پہلے مرحلہ میں 20 اسمبلی حلقوں میں یہ کام تیزی کے ساتھ جاری ہے۔50 تا60لاکھ روپے کی مالیت والی اراضی پر لفٹ کی سہولت کے ساتھ ہمہ منزلہ فلائٹ کومفت رجسٹریشن کے ساتھ خواتین کے نام پراس کودیا جارہاہے۔

PTC-HYD

Weather

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ آئندہ سات دنوں کے دوران ریاست بھر میں ہلکی تا اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ حیدرآباد میں آج شام یا پھر رات کے اوقات میں بعض مقامات پر بارش ہونے کی پیش قیاسی کی ہے۔

Desk

Wishes

امریکہ کے سینٹ لوئز میں منعقدہ گرانڈ چیس ٹورٹائٹل کو حاصل کرتے ہوئے تاریخ رقم کرنے والے ہندوستانی چیس گرانڈ ماسٹر پرگنا نندا کو وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے مبارکبادی دی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بین الاقوامی سطح پر ہندوستان کی یہ کامیابی ہر شہری کیلئے باعث فخر ہے۔ پرگنا نندا کی کامیابی نوجوانوں اور کھلاڑیوں کیلئے ایک آئیڈئیل ثابت ہوگی۔ وزیراعلیٰ نے مستقبل میں ان کی مزید کامیابیوں کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور کامیابیاں حاصل کرتے ہوئے ملک کے وقار کو پروان چڑھانے کا بھی اظہار کیا۔

Desk